13-07-2024 SATURDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ سات ریاستوں کی 13 اسمبلی نشستوں کے ضمنی انتخابات میں سے 11 کے نتائج جاری کردئے گئے۔ کانگریس نے 4، ترنمول کانگریس کے امیدواروں نے 3 پر کامیابی حاصل کی۔

۲۔ تلنگانہ کانگریس کے سینئر نائب صدر جی نرنجن نے ایمرجنسی کے نفاذ کو یاد کرنے کے لئے 25 جون کو ہر سال سمویدھان ہتیا دیوس منانے بی جے پی حکومت کے فیصلہ کی مذمت کی۔

۳۔ کانگریس کے رکن پارلیمنٹ سی کرن کمار ریڈی نے بی آر ایس ارکان اسمبلی کے انحراف پر مرکزی وزیر کوئلہ کشن ریڈی کے ریمارکس پر تنقید کرتے ہوئے ان سے خواہش کی کہ وہ یہ بتائیں کہ بی جے پی کی جانب سے غیر بی جے پی حکومتوں والی 10 ریاستوں میں کس طرح انحراف کی حوصلہ افزائی کی گئی۔

اور

۴۔ محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ آئندہ پانچ دنوں کے دوران تلنگانہ میں بعض مقامات پر شدید بارش کا امکان ہے۔

☆☆☆

سیری لنگم پلی کے بی آر ایس ایم ایل اے، اے گاندھی نے آج صبح وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کی قیام گاہ پر کانگریس میں شمولیت اختیار کرلی۔ جی ایچ ایم سی کے 4 کارپوریٹرس کے ساتھ وہ کانگریس میں شامل ہوگئے۔ ان میں سیری لنگم پلی کے کارپوریٹر ناگیندر یادو، میاں پور کارپوریٹر سری کانت، چندانگر کارپوریٹر رگھوناتھ ریڈی، حیدر نگر کارپوریٹر این سرینواس شامل ہیں۔

☆☆☆

کانگریس کے رکن پارلیمنٹ سی کرن کمار ریڈی نے بی آر ایس ارکان اسمبلی کے انحراف پر مرکزی وزیر کوئلہ کشن ریڈی کے ریمارکس پر تنقید کرتے ہوئے ان سے خواہش کی کہ وہ یہ بتائیں کہ بی جے پی کی جانب سے غیر بی جے پی حکومتوں والی 10 ریاستوں میں کس طرح انحراف کی حوصلہ افزائی کی گئی۔ پارٹی کے ہیڈ کوارٹر گاندھی بھون میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے یاددہانی کروائی کہ مدھیہ پردیش میں کانگریس کے رکن اسمبلی رام نیواس راوت کو استعفیٰ کے بغیر کس طرح کابینہ میں شامل کیا گیا۔ انہوں نے کشن ریڈی سے پوچھا کہ آیا وہ بی جے پی کی اِس غیر دستوری حرکتوں کو دیکھ نہیں پار ہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مدھیہ پردیش، کرناٹک، گوا اور شمال مشرقی ریاستوں میں کھلے عام انحراف کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے وہاں کی حکومتوں کو بی جے پی کی جانب سے گرایا گیا ہے۔ انہوں نے کشن ریڈی اور مرکزی وزیر بنڈی سنجے کو مشورہ دیا کہ وہ متحدہ اے پی کی تقسیم کے زیر التواء مسائل پر بات چیت کریں۔

☆☆☆

ڈرگس کنٹرول ایڈمنسٹریشن (ڈی سی اے) نے گٹھیا کے علاج کا دعویٰ کرتے ہوئے گمراہ کن تشہیر کرتے ہوئے آیورویدک تیل کو فروخت کرنے پر اِس تیل کو ضبط کرلیا۔ ڈی سی اے کے عہدیداروں نے کہا کہ ڈرگس اینڈ میجک رمیڈیس ایکٹ 1954ء کے برخلاف تشہیر کرتے ہوئے بازار میں اِس تیل کو فروخت کیا جارہا تھا۔

☆☆☆

محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ آئندہ پانچ دنوں کے دوران تلنگانہ میں بعض مقامات پر شدید بارش کا امکان ہے۔ محکمہ نے اپنی رپورٹ میں کہا کہ آئندہ 4 دنوں کے دوران ریاست کے کئی اضلاع میں بعض مقامات پر ہلکی تا اوسط یا پھر گرج و چمک کے ساتھ بارش ہوگی۔ آئندہ 7 دنوں کے دوران تلنگانہ کے بعض مقامات پر ہلکی تا اوسط یا پھر گرج و چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔

☆☆☆

سوسائٹی آف سائبرآباد سیکوریٹی کونسل (ایس سی ایس سی) اور سائبرآباد ٹریفک پولیس نے ٹریفک مارشل کا آغاز کیا تا کہ سائبرآباد آئی ٹی کوریڈور اور اس کے اطراف کے علاقوں میں ٹریفک کے بہاؤ کو بہتر بنایا جاسکے۔ بیشتر آئی ٹی پارکس اور آئی ٹی رآئی ٹی ایز کمپنیوں کے تعاون والے اس پروگرام کا مقصد بہتر سفر میں اضافہ ہے۔ کمشنر پولیس سائبرآباد اویناش موہنتی نے جوائنٹ کمشنر پولیس ٹریفک جیول ڈیوس، ایس سی ایس سی سکریٹری جنرل رمیش کے ساتھ مل کر 83 ٹریفک مارشل کے پہلے گروپ کا آغاز کیا۔ ان مارشلس کو کمپنیوں کی جانب سے تربیت دی گئی ہے اور انہیں کمپنیاں تنخواہیں ادا کریں گی۔ تاہم پولیس ان کو تعینات کرے گی، جس کے ذریعہ وہ اہم مقامات پر ٹریفک کو باقاعدہ بنائیں گے۔ کمشنر موہنتی نے سائبرآباد ٹریفک پولیس اور ایس سی ایس سی کے درمیان اشتراک کو اجاگر کرتے ہوئے مزید کمپنیوں پر زور دیا کہ وہ اس قدم میں آگے آئیں۔ جوائنٹ کمشنر پولیس ڈیوس نے ٹریفک مینجمنٹ کی بہتری کے لئے خانگی عوامی شراکت داری کو موثر بنانے کی ضرورت کو اجاگر کیا۔ راجیش بالا راجو ٹریفک فورم لیڈر ایس سی ایس سی نے اس قدم کو انوکھا اور اہمیت کا حامل قرار دیا۔ ٹریفک مارشلس قدم کی مدد میں دلچسپی رکھنے والی کمپنیاں ad@scsc.in پر رابطہ کرسکتی ہیں۔

☆☆☆

بی جے پی نے ملک میں ایمرجنسی کے دفاع پر اپوزیشن قائدین پر تنقید کی۔ نئی دہلی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے پارٹی کے سینئر ترجمان ڈاکٹر سدھانشو ترویدی نے الزام لگایا کہ سمویدھان ہتیا دیوس منانے حکومت کے اعلان کے باوجود دستور کے تحفظ کا دعویٰ کرنے والے بے چینی محسوس کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایمرجنسی سیاہ دور تھا۔ انہوں نے جمہوریت کی روح کو قتل کرنے کا کانگریس پر الزام لگایا۔

☆☆☆

انکم ٹیکس ڈپارٹمنٹ نے تقریباً 6 لاکھ 45 ہزار کروڑ روپے مالی سال 25-2024ء کے لئے راست ٹیکس کے طور پر وصول کیا۔ اِس نے اس ماہ کی 11 تاریخ تک 70 ہزار 902 کروڑ روپے کی رقم واپس کی۔ انکم ٹیکس ڈپارٹمنٹ کی جانب سے جاری کردہ ڈاٹا میں کہا گیا کہ ٹیکس کی وصولی ریکارڈ رہی ہے۔ اس میں 20 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔

☆☆☆

رامائم پیٹ کے سوشیل ویلفیر ریسیڈنشیل اسکول میں چوہے کی لعنت کے واقعہ پر کلکٹر میدک راہول راج نے گزشتہ روز 9 ویں جماعت کے اساتذہ کو نوٹس جاری کی۔ کلکٹر نے 9 ویں جماعت کے 12 طلبہ کو چوہے کاٹنے کے واقعہ پر وضاحت طلب کی۔ راہول راج کی ہدایت پر عہدیداروں نے ہاسٹل کی صفائی کا آغاز کیا۔ ساتھ ہی ہاسٹل کے تمام سوراخ بند کردئے گئے۔ انتظامیہ نے چوہوں کو پکڑنے کے لئے گلو پیڈس بھی لگائے۔

☆☆☆

تلنگانہ کانگریس کے سینئر نائب صدر جی نرنجن نے ایمرجنسی کے نفاذ کو یاد کرنے کے لئے 25 جون کو ہر سال سمویدھان ہتیا دیوس منانے بی جے پی حکومت کے فیصلہ کی مذمت کی۔ گاندھی بھون میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے نرنجن نے اپنی ناکامیوں کو چھپانے کے لئے ایمرجنسی کے مسئلہ کو اجاگر کرنے پر مودی حکومت پر تنقید کی۔ انہوں نے کہا کہ ایمرجنسی کے نفاذ کے 50 برس مکمل ہوگئے ہیں۔ ایک نسل کے وقفہ کے بعد اِس کو یاد دلانا اِس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ کانگریس کے ابھرنے پر بی جے پی خدشات کا شکار ہوگئی ہے۔ نرنجن نے یاددہانی کروائی کہ رام مندر مسئلہ کو اٹھانے کے باوجود لوک سبھا انتخابات میں بی جے پی اکثریت حاصل نہیں کرسکی۔

☆☆☆

سات ریاستوں کی 13 اسمبلی نشستوں کے ضمنی انتخابات میں سے 11 کے نتائج جاری کردئے گئے۔ کانگریس نے 4، ترنمول کانگریس کے امیدواروں نے 3 پر کامیابی حاصل کی۔ 2 حلقوں پر ووٹوں کی گنتی جاری ہے اور ایک پر ترنمول کانگریس آگے ہے۔ پنجاب میں حکمراں جماعت عام آدمی پارٹی نے جالندھر ویسٹ محفوظ حلقہ سے کامیابی حاصل کی ہے۔ ہماچل پردیش میں حکمراں جماعت کانگریس نے 2 نشستوں پر کامیابی حاصل کی، جبکہ بی جے پی کو ایک نشست حاصل ہوگئی۔ مغربی بنگال میں ترنمول کانگریس نے رائے گنج، رانا گھاٹ دکشن اور بگڈا نشستوں پر کامیابی حاصل کی۔ اتراکھنڈ کی بدری ناتھ اسمبلی نشست پر کانگریس امیدوار لکھپت سنگھ کامیاب قرار دئے گئے۔ مدھیہ پردیش میں بی جے پی امیدوار کملیش پرتاب سنگھ امرواڑا حلقہ سے کامیاب ہوئے۔ بہار میں آزاد امیدوار شنکر سنگھ نے قریبی حریف وجے ڈی یو امیدوار کے پرساد منڈل کو 8211 ووٹوں کی اکثریت سے کامیابی حاصل کی۔ تاملناڈو میں ڈی ایم کے امیدوار اے شیوا وکراوندی اسمبلی نشست کے ضمنی انتخاب میں بھاری اکثریت سے آگے ہیں۔

☆☆☆

مرکزی وزیر کوئلہ و کانکنی کشن ریڈی نے کہا ہے کہ چرلہ پلی ریلوے اسٹیشن کے کام تکمیل کے قریب ہیں۔ اِس پراجکٹ کے مکمل ہونے کے بعد یہ تلنگانہ کا چوتھا بڑا ریلوے اسٹیشن ہوگا۔ اپنے سوشیل میڈیا پوسٹ میں مرکزی وزیر نے کہا کہ نیا سٹ لائٹ ٹرمینل حیدرآباد، سکندرآباد اور کاچی گوڑہ ریلوے اسٹیشنوں میں ہجوم کو کم کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ 434 کروڑ روپے کے صرفہ سے اِس اسٹیشن کی تعمیر کی جارہی ہے۔ اِس میں اضافی 15 جوڑی ٹرینس ہوں گی اور 19 نئی لائنس بھی ہوں گی۔

☆☆☆

موسم برسات کے دوران حادثات کو روکنے کو اولین ترجیح دیتے ہوئے جی ایچ ایم سی کی جانب سے شہر حیدرآباد میں اسٹرانگ واٹر ڈرینز کے معمول کے مطابق سیفٹی اپڈیٹ کئے جارہے ہیں۔ اسٹرانگ واٹر ڈرین کے غیر محفوظ مقامات سے انسانوں اور املاک کو نقصان نہ ہونے کو یقینی بنانے کے لئے اِن کی نشاندہی شہر بھر میں کی گئی ہے۔ جی ایچ ایم سی کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ نالوں کے اطراف کے علاقوں کا احاطہ کرتے ہوئے انتباہی بورڈس لگائے گئے ہیں۔ دیکھ بھال کے شعبہ کے اسسٹنٹ انجینئر کو اپنے سرکل کی ڈرینج لائن کے چند کلومیٹر کی مکمل ذمہ داری دی گئی ہے۔

☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے اعلان کیا ہے کہ ایچ آئی سی سی حیدرآباد میں 5 اور 6 ستمبر کو گلوبل اے آئی سمٹ منعقد ہوگی۔ وزیر آئی ٹی و صنعتیں سریدھر بابو نے اسپیشل چیف سکریٹری آئی ٹی و انڈسٹریز جیش رنجن کے ساتھ اس کا لوگو جاری کیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا کہ گلوبل سمٹ تکنالوجی کی اختراعات میں آگے لے جانے کے حکومت کے عہد کی نمائندگی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے دنیا بھر سے انوویٹرس سے رائے حاصل کی ہے۔